

# تھیٹر

## استادِ محترم،

بچے ڈراموں اور کہانیوں کے شوقین ہوتے ہیں اور اس عمر میں ان کے اندر تخیل اور تخلیقی صلاحیت حیران کن سطح کی ہوتی ہے۔ یہ کتاب اسی حقیقت کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے اس انداز میں ترتیب دی گئی ہے کہ سیکھنے کا عمل خوشگوار اور دل چسپ بنے۔ مقصد یہ ہے کہ سیکھنے کا عمل خوشی اور دلچسپی سے بھرپور ہو اور بچوں پر یاد رکھنے یا رٹنے کا دباؤ نہ ڈالا جائے۔

ہم کھیلوں اور سرگرمیوں کے ذریعے بچوں کو تھیٹر کی نئی مہارتوں اور تکنیکوں سے روشناس کراتے ہیں۔ بحیثیت اساتذہ ہم ایک معاون اور دوستانہ ماحول فراہم کرتے ہیں تاکہ بچے خود سے مواقع تلاش کر سکیں اور کسی خاص چیز پر اصرار نہ کریں۔ آیئے ہم بچوں کی شرکت اور آزاد تخیل کو بڑھاوا دیں۔ اور سب سے خاص بات — آیئے ہم سب مل کر مزے کریں!

ذہن میں رکھنے کے کچھ اہم نکات:

**وِدوشک** ہندوستانی روایتی تھیٹر کا ایک منفرد کردار ہے۔ اس کردار کا استعمال سنسکرت تھیٹر میں ہوا تھا تاکہ مناظر کو مزاح اور کرتب سے جوڑا جا سکے۔ یہ کردار مواقع کی مناسبت سے کوئی بھی شکل اختیار کر سکتا اور اس کے بارے میں بول سکتا ہے۔ یہاں اس کا استعمال بچوں کے دوست کی حیثیت سے ہوا ہے جو ان کو تھیٹر کے نظریے اور خیالات سے آگاہ کرتا ہے۔ جب وہ ایک سرگرمی سے دوسری سرگرمی میں آگے بڑھتے ہیں تو معلومات سے ان کی رہنمائی کرتا ہے، بچوں کے لیے وِدوشک نے اہم نکات اور اسباق دیے ہیں۔



1. تھیٹر کی کلاس کے لیے ایک کشادہ خالی کمرہ جہاں بچے آزادی سے حرکت کر سکیں جو صاف ستھرا ہو اور ہر کاٹوں اور نوکیلی چیزوں سے محفوظ ہو مہیا کیا جائے۔
2. کلاس کا آغاز دعا سے کریں اور پچھلی کلاس میں کی گئی سرگرمیوں کا جائزہ لیں۔ تجویز کردہ دعا کے لیے گریڈ 3 کی کتاب دیکھی جا سکتی ہے۔

| کلاس کی ترتیب | | |
|---|---|---|
| 5 منٹ<br>دعا اور پچھلی سرگرمی کا جائزہ | 30 منٹ<br>کلاس کی سرگرمیاں | 5 منٹ<br>دائرہ کا وقت |

3. طلبا سے کچھ کرنے کے لیے کہنے سے قبل استاد کو سرگرمی خود کر کے دکھانی ہوگی۔
4. استاد صرف سرگرمیوں کے لیے مثالیں دے سکتا ہے۔ یہ ضروری ہے کہ طلبا غور و فکر کے بعد خود اپنے خیالات کے ساتھ آگے آئیں۔ سرگرمیوں کے دوران استاد کی مدد کے لیے کیو آر کوڈ میں بہت سی مثالیں دی گئی ہیں۔
5. استاد آزادانہ طور پر کلاس کی ضرورت کے مطابق کسی بھی سرگرمی کو جتنی مرتبہ چاہے دہرا سکتا ہے۔
6. بچوں کو ڈرامے کی پیش کش دیکھنے کی ترغیب دیں۔ والدین کو یہ مشورہ دیا جا سکتا ہے کہ وہ بچوں کو براہِ راست تھیٹر شو دیکھنے کا موقع فراہم کریں۔
7. بچوں کی حوصلہ افزائی کے لیے اسکول میں ڈرامہ پیش کرنے والی ٹیموں کو مدعو کرنا یا ڈرامے دیکھنے اور اداکاروں سے بات چیت کے لیے تعلیمی دوروں کا انتظام کرنا فائدہ مند ہوگا۔

© NCERT not to be republished

## تھیئٹر کا جائزہ

بچوں کے لیے تھیئٹر ہمیشہ ایک مثبت اور خوش گوار تجربہ رہا ہے۔ جس طرح بچے کلاس کا لطف لیتے ہیں اسی طرح ان کا جائزہ بھی خوشگوار ہونا چاہیے۔ ان سرگرمیوں میں امتحانات جیسا دباؤ یا گھبراہٹ نہیں ہونی چاہیے۔ تمام جائزے سرگرمیوں پر مبنی ہوں۔ جائزہ لیتے وقت ذہن میں رکھنے کے لیے چند بنیادی نکات درج ذیل ہیں:

1. توجہ کا مرکز حاصل کردہ لیاقت اور ہنرمندی ہونی چاہیے۔
2. یہاں کوئی صحیح یا غلط کا جواب نہیں ہے۔
3. نتیجہ یا پیش کش ہی واحد معیار نہیں ہونا چاہیے۔ اس کے پیچھے کی گئی محنت، سوچ اور عمل کو بھی اہمیت دی جانی چاہیے، ساتھ ہی:
   - علم کا استعمال
   - محنت اور شمولیت
   - تخلیقی صلاحیت اور پیش کش
   - اجتماعی کام اور باہمی تعاون
4. بچوں کو خود احتسابی کی جانب مائل کریں اور اسے اساتذہ کے لیے ایک تاثر کے طور پر استعمال کریں (فراہم کردہ توضیحی گوشہ میں آخری کالم کے مطابق)
5. شرمیلے یا جھجک محسوس کرنے والے بچوں کے لیے معاون اور بااعتماد ماحول تیار کریں۔
6. بہتر وضاحت کے لیے کتاب کے شروع میں دیے گئے وقت کی تخصیص اور جائزہ کے حصّے کو پڑھیں۔

| تشکیلی جائزہ | تکمیلی جائزہ |
|---|---|
| یہ جانچ کا ایسا طریقہ ہے جو پوری کلاس کے دوران خود بخود چلتا رہتا ہے۔ اس کے لیے کوئی خاص دن نہیں رکھا جاتا۔ اس میں شامل ہوتے ہیں: | یہ جانچ سال کے آخر میں ایک مقررہ دن پر کی جاتی ہے جو صرف سرگرمیوں کے ذریعے ہوتی ہے۔ اس میں روایتی پرچے یا تحریری ٹیسٹ شامل نہیں ہوتے۔ |
| 1. دائرہ کا وقت (بچے آزادانہ طور پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہیں۔ استاد ہر بچے کی بات کو نوٹ کرتے جاتے ہیں) | 1. سرگرمیوں کی مثالیں کتاب کے آخر میں دی گئی ہیں۔ |
| 2. سبق کے آخر میں موجود جانچ کے لیے توضیحی گوشہ | 2. جانچ میں نمبر دینے کا معیار فراہم کردہ توضیحی گوشہ کے مطابق ہونا چاہیے۔ |
| 3. استاد کا مشاہدہ | 3. بچے کی جانب سے کیے گئے خود کے جائزے کو بھی مجموعی جانچ میں شمار کیا جائے۔ |

© NCERT not to be republished

## خوش آمدید، میرے ننھے ستارو!



گزشتہ سال آپ سب کو تھیٹر کے سفر پر لے جانا بہت دل چسپ اور خوش گوار تجربہ تھا۔ واپس آنے کا انتظار کرنا میرے لیے مشکل تھا! جو بچے پچھلے سال ہمارے ساتھ نہیں تھے، اُنھیں بتا دوں کہ میرا نام **وِدوشک** ہے۔

تھیٹر اور ڈراما میرا شوق ہے اور میں یہ کام کئی سالوں سے کر رہا ہوں۔ جب میں آپ کو تھیٹر کی دل چسپ دنیا کی سیر کرواؤں گا، تو راستے میں اپنے تجربات کی کئی مزے دار کہانیاں بھی سناؤں گا۔

آج میں آپ کو ایک راز کی بات بتانا چاہتا ہوں۔ تھیٹر میں کئی سالوں کے تجربے کے باوجود، مجھے سب سے زیادہ خوشی بچوں کے ساتھ کام کرنے میں ملی ہے۔ اس میں بہت مزہ آتا ہے۔ اسی وجہ سے میں آپ سب سے دوبارہ ملنے کا انتظار کر رہا تھا۔

© NCERT not to be republished

اس سال کی دل چسپ سرگرمیاں شروع کرنے سے پہلے، میں جاننا چاہتا ہوں کہ پچھلے سال آپ نے جو نئی باتیں سیکھی تھیں ان کی بنیاد پر آپ نے کیا کچھ کیا۔ میں آپ کو وہ باتیں یاد دلاؤں گا جو آپ نے سیکھی تھیں اور آپ مجھے بتائیں گے کہ چھٹیوں کے دوران آپ نے اسکول یا گھر میں کیا کچھ کیا۔



اشاروں اور جسمانی حرکات (Body Language) کے ذریعے بات کو معنی خیز بنانا

میں نے کیا ____________________

____________________







روزمرہ کی چیزوں کو نئے معنی میں استعمال کرنا (تخلیقی اور فوری خیال)

میں نے کیا ____________________

____________________

____________________



کہانیاں سنانا اور ان کو اداکاری کے ذریعے پیش کرنا (کہانی سنانا اور رول پلے)

میں نے کیا کیا ____________________

____________________

____________________

____________________

**استاد کے لیے نوٹ**

کچھ بچے بعض سرگرمیوں کے دوران شرم یا جھجک محسوس کرتے ہیں۔ نرمی سے ان کی ہمت بڑھائیں اور انھیں اپنی سہولت کے مطابق کوشش کرنے کا موقع دیں۔ کچھ بچوں کا زیادہ وقت لینا بالکل ٹھیک ہے، اس دوران استاد کی مسلسل مثبت رہنمائی بے حد اہم ہے۔

زبردست! اتنے سارے نئے خیالوں کے ساتھ، ہم اس سال کے آغاز کے لیے پوری طرح تیار ہیں۔ آیئے —

© NCERT not to be republished

باب 5

## دریافت!



ہم تھیئٹر میں ہر وقت 'دریافت' کر رہے ہوتے ہیں۔ دریافت کرنے کا مطلب ہے کسی چیز کے بارے میں جاننا یا کھوج کرنا۔ ہم ہمیشہ کہانی کے بارے میں جاننے کی یا دیکھنے والوں کو ہمارا کھیل کیسا لگا یہ جاننے کی کوشش کرتے ہیں۔ ہم یہ بھی جاننا چاہتے ہیں کہ ہم کیسے بہتر ہو سکتے ہیں، یا کیا کریں کہ ہمارا شو اور بھی زبردست ہو جائے۔ تو پھر آیئے شروعات کرتے ہیں!





### منظر 1 انفرادی یکسوئی پیدا کرنا

تھیئٹر ایک ٹیم کا کام ہے۔ ہمیشہ سب مل کر ایک گروپ میں کام کرتے ہیں اور ایک دوسرے کا ساتھ دیتے ہیں۔ اگر کوئی مسئلہ ہو جائے، تو سب مل کر اسے حل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اور جب کامیابی ملتی ہے، تو سب مل کر خوشی مناتے ہیں۔

لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ انفرادی محنت کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ٹیم کے ہر فرد کے لیے ضروری ہے کہ وہ برابر کی محنت اور کوشش کرے۔ اگرچہ آپ ٹیم میں کام کر رہے ہیں لیکن یہ بہت ضروری ہے کہ آپ اپنی توجہ اپنے کام پر رکھیں اور جو کرنا ہے اُس پر دھیان دیں۔ دوسروں کی حرکتوں سے اپنا دھیان نہ ہٹنے دیں۔

یہ بھی یاد رکھیں کہ اگر آپ کو خود یہ نہ پتا ہو کہ آپ کو کیا کرنا ہے تو آپ مشکل میں پھنسے ساتھی کی مدد بھی نہیں کر سکیں گے۔ لہٰذا **پوری توجہ رکھیں**۔

4437CH05

© NCERT not to be republished



## سرگرمی 5.1

## ”رام کہتا ہے...“



یہ ایک دل چسپ تھیئٹر کا کھیل ہے جو گروپ میں کھیلا جاتا ہے۔ لیکن یہ آپ کی انفرادی صلاحیتوں کا امتحان بھی لے گا۔ باقاعدہ اس کی مشق آپ کو چوکنا اور یکسو بنائے گی۔

### ہدایات اور تیاری کی مشقیں

آپ کو صرف وہی ہدایات ماننی ہیں جہاں پر استاد کہے ”رام کہتا ہے...“

مثال کے طور پر: جب آپ سنیں ”رام کہتا ہے کہ دائرے میں چلیں“ تو دائرے میں چلنا شروع کریں۔

جب سنیں ”رام کہتا ہے ہاتھ اوپر کریں“ تو اپنے ہاتھ اوپر کریں۔

جب سنیں ”رام کہتا ہے اوپر دیکھیں“ تو اپنا سر اوپر کی طرف کریں۔

ہر وہ ہدایت جس پر آپ عمل کریں ”رام کہتا ہے“ سے شروع ہونی چاہیے۔

اگر آپ کو ”رام کہتا ہے“ کے بغیر صرف ہدایت سنائی دے تو اُس ہدایت پر عمل نہ کریں بلکہ پچھلی حرکت کو جاری رکھیں۔

مثال کے طور پر:

جب آپ سنیں ”رام کہتا ہے دائرے میں چلیں“ تو دائرے میں چلنا شروع کریں۔

جب سنیں ”رام کہتا ہے ہاتھ اوپر کریں“ تو اپنے ہاتھ اوپر کریں۔

جب آپ سنیں ”اوپر دیکھیں“ تو اپنا سر اوپر نہ کریں۔

اپنے ہاتھ اوپر رکھیں جب تک آپ کو ’رام کہتا ہے...‘ سنائی نہ دے۔

© NCERT not to be republished

استاد سب کو چوکنا رکھنے کے لیے ہدایات کو ملاکر بولیں گے۔ آپ کو ایک کے بعد ایک ہدایات ملتی رہیں گی جن میں ''رام کہتا ہے...'' ہوگا، لیکن اچانک ایک ہدایت ایسی آئے گی جس میں ''رام کہتا ہے'' نہیں کہا جائے گا۔ آپ کو بہت چوکنا رہنا ہے تاکہ فوراً پہچان سکیں اور ایسی ہدایت پر عمل نہ کریں۔

## بنیادی (Basic)

مختلف قسم کی ہدایات دی جائیں گی جیسے ''چلو''، ''چھلانگ لگاؤ''، ''خوشی والا چہرہ بناؤ''، ''غصے والا چہرہ بناؤ''، ''ہاتھی کی طرح چلو''، ''کتے کی طرح سونگھو'' یا جو بھی تخلیقی طور پر استاد سوچ سکے۔

## اعلیٰ (Advanced)

زیادہ مزے دار اور دل چسپ سرگرمیاں بھی ہوں گی، جیسے چار، پانچ یا چھ بچوں کا گروپ بناکر مستطیل، مثلث اور دائرہ جیسی شکلیں بنانا، یا ہندی، انگریزی اور اپنی علاقائی زبانوں کے حروف کی شکلیں تیار کرنا۔ یہ کھیل نہ صرف مزہ دیں گے بلکہ آپ کو سوچنے اور ٹیم کے ساتھ کام کرنے میں بھی مدد کریں گے۔

ایسی مزے دار تصویریں بنائیں جیسے پرندوں کا جھنڈ دانے چگ رہا ہو، یا پنچ تنتر کی کہانیوں سے کوئی منظر، جیسے ایک کچھوا جنگل میں مزے سے چل رہا ہو۔ ایسی تصویریں کھیل کو اور بھی مزے دار بنا دیں گی!

**استاد کے لیے نوٹ**

اگر بچے کھیل کو اچھے سے سمجھنے لگیں تو باری باری مختلف بچوں کو ہدایات دینے کی ذمہ داری بھی دی جاسکتی ہے۔ یہ دیکھیں کہ وہ اپنے گروپ کے ساتھ کیسا تال میل رکھتے ہیں اور کتنی اچھی اور پیچیدہ ہدایات دے سکتے ہیں۔



© NCERT not to be republished




- ان سرگرمیوں کو کرتے ہوئے سب سے زیادہ مزے دار اور سب سے مشکل لگنے والی چیز پر تبادلۂ خیال کریں۔
- کسی کام کو مشکل محسوس کرنے کی صورت میں آپ نے اس کا حل کیسے نکالا؟
- اس کھیل کو اور بھی مزے دار بنانے کے لیے ہم اور کون سی نئی چیزیں شامل کر سکتے ہیں؟





رام کہتا ہے، ''وِدوشک کوئی مزے دار کہانی سناؤ۔''

کئی سال پہلے ایک تھیئٹر ورکشاپ میں ''رام کہتا ہے'' سب سے دل چسپ کھیل تھا۔ سب بچے بہت اچھی تیاری کے ساتھ آئے تھے اور کوئی بھی کھیل سے باہر ہونے کے لیے تیار نہیں تھا! استاد سنیتا ہدایات دے رہی تھیں۔ شروع میں وہ آسان باتیں کہتی رہیں اور جیسے ''رام کہتا ہے اپنی ناک چھوؤ''، ''رام کہتا ہے اوپر نیچے اچھلو۔'' لیکن پھر انھوں نے کھیل میں اور مزہ لانے کا ارادہ کیا۔

''رام کہتا ہے، ایک ہی وقت میں اپنے سر پر تھپکی دو اور پیٹ پر ہاتھ پھیرو۔'' استاد سنیتا نے ہنستے ہوئے حکم دیا۔ یہ سن کر پورے ہال میں ہلچل مچ گئی۔ بچے جلدی جلدی تھپکنے اور ہاتھ پھیرنے کی کوشش کر رہے تھے اور سب ایک دوسرے کو دیکھ کر ایسے لگ رہے تھے جیسے کوئی الجھی ہوئی کٹھ پتلیاں ہوں!

پھر استاد سنیتا نے زور سے کہا، ''اب تالیاں بجاؤ!'' فوراً ہی آدھے بچوں نے تالیاں بجائیں اور پھر انھیں اپنی غلطی کا احساس ہوا۔ استاد سنیتا نے تو یہ نہیں کہا تھا کہ ''رام کہتا ہے تھپکی دینا اور ہاتھ پھیرنا بند کرو''۔ سب نے افسوس بھری آواز نکالی۔ لیکن سب سے زیادہ ہنسی تب آئی جب راجو، جو پوری توجہ سے تال میل بنانے میں لگا ہوا تھا سب کے رکنے کے بعد بھی پورے ایک منٹ تک سر پر تھپکی دیتا اور پیٹ پر ہاتھ پھیرتا رہا۔



آخر کار جب اس نے محسوس کیا کہ سب گھور رہے ہیں تو اس نے ہاتھ اوپر اٹھائے، ''ٹھیک ہے، رام نے رکنے لیے نہیں کہا تھا!'' وہ صحیح تھا۔


© NCERT not to be republished

## سرگرمی 5.2

# جنگل کی سیر اور جانوروں کی حرکات

کیا آپ سب کو جانوروں اور پرندوں سے محبت ہے؟ کیا آپ نے کبھی سوچا ہے کہ اپنے پسندیدہ جانور یا پرندے کی زندگی گزارنا کیسا ہوگا؟ ذرا سوچیں جنگل میں چلنا اپنا کھانا تلاش کرنا اور کسی درخت کی شاخوں کے نیچے یا کسی غار میں سونا کیسا ہوگا؟ یہ دل چسپ سرگرمی نہ صرف آپ کو یہ سب کچھ کرنے بلکہ اور بھی بہت کچھ کرنے کا موقع فراہم کرتی ہے۔ یہاں تک کہ آپ جنگل میں دوسرے جانوروں سے بات چیت بھی کر سکتے ہیں!

## ہدایات اور تیاری کی مشقیں



اپنے پسندیدہ جانور یا پرندے کے بارے میں سوچیں اور کمرے میں اِدھر اُدھر چلیں۔ استاد جب تالی بجائے تو فوراً اُس جانور یا پرندے کے انداز میں رُک جائیں جس کے بارے میں آپ سوچ رہے تھے۔ دوسری طرف سب بچے آپس میں مناسب فاصلے پر کھڑے ہوں۔ استاد ایک پرچی نکال کر اس پر لکھے جانور کا نام پڑھے اور پھر سب بچے اُس جانور کی طرح چلنے لگیں۔ سننے میں دل چسپ لگ رہا ہے نا؟





## بنیادی (انفرادی سرگرمی)

تصور کریں کہ آپ ایک جانور ہیں لیکن اپنی پہچان کلاس کو نہ بتائیں۔ اُس جانور کی جسمانی حرکات کی نقل کریں۔ آپ کی چلنے کی رفتار، کھانے کا انداز، سونے کا طریقہ اور دوسرے رویے اُس جانور جیسے ہونے چاہئیں۔ آپ کے دوستوں کو اندازہ لگانا ہوگا کہ آپ کون سے جانور ہیں۔ مثال کے طور پر سُست جانور (sloth) بہت دھیرے چلتا ہے اور کتّا نسبتاً تیزی سے حرکت کرتا ہے۔





© NCERT not to be republished

## پنچ تنتر کی مشق

آپ (اسی جانور کے روپ میں) شیر کی غار کے قریب کھانے کی تلاش میں چل رہے ہیں۔احتیاط سے آیئے تاکہ شیر جاگ نہ جائے۔اچانک سے ایک زوردار آواز آتی ہے اور شیر جاگ جاتا ہے۔بھاگو!



## اعلیٰ (اجتماعی سرگرمی)

اب آپ گروپوں کی صورت میں جنگل میں ہیں۔آپ کے ساتھ آپ ہی جیسے دوسرے جانور اور مختلف قسم کے دوسرے جانور بھی موجود ہیں۔جب آپ گروہ یا ٹولی میں ہوتے ہیں تو آپ کیسا برتاؤ کرتے ہیں؟ دوسرے جانوروں سے آپ کس طرح میل جول رکھتے ہیں؟ کچھ جانور آپ کے دوست ہیں جب کہ کچھ نہیں ہیں۔اگر کوئی خطرہ ہو تو آپ کیسے بچ نکلتے ہیں؟

## پنچ تنتر کی مشق

تصور کریں کہ آپ ایک ہرن ہیں اور آپ شیر کے غصے سے بچنے کا منصوبہ بنا رہے ہیں۔آپ اپنے خاندان کے ننھے ہرن کو بچانا چاہتے ہیں۔دوسرے جانوروں کے ساتھ مل کر ایک چھوٹا سا منظر پیش کریں۔

**استاد کے لیے نوٹ**

ان مشقوں کو مختصر یا مشہور کہانیوں کے مناظر پیش کرنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے جنھیں جانوروں کے ذریعے بیان کیا گیا ہے۔مثال کے طور پر: ہتوپدیش اور شیر بادشاہ۔




- آپ کو کس جانور کی حرکت سب سے زیادہ پسند آئی اور کیوں؟
- کون سا جانور بننا آپ کو پسند نہیں آیا اور کیوں؟
- کون سا جانور آپ کے ساتھ اچھے طریقے اور عزت سے پیش آیا؟
- آپ کے خیال میں متعدد اعضا سے چلنا بہتر ہے یا ہمارے دو پیروں سے چلنا بہتر ہے؟

© NCERT not to be republished

## جائزہ—باب 5: دریافت

### لیاقتیں

سی-1.1: ڈرامائی سرگرمیوں میں مختلف اشیا، لوگ، حالات اور تجربات کی عکاسی میں جوش وخروش کا مظاہرہ کرنا۔

سی-1.2: ڈرامائی آرٹ میں اشتراک کے دوران اپنے خیالات اور ردعمل کا مؤثر انداز میں اظہار کرنے کی صلاحیت رکھنا۔

| سی.جی | لیاقتیں | آموزشی ماحصل | استاد | طالب علم |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 1.1 | گروپ سرگرمی میں اپنے کام پر توجہ برقرار رکھنے کی صلاحیت رکھنا۔ | | |
| | 1.2 | منظر میں تخلیقی انداز سے ردوبدل کرنا اور نئی چیزیں شامل کرنا۔ | | |
| | 1.2 | بلا جھجک سرگرمیوں کو آزمانے کی کوشش کرنا۔ | | |
| | 1.1, 1.2 | سرگرمی کے دوران چوکنّا پن اور باریک بینی سے کام لینے کی صلاحیت کا مظاہرہ کرنا۔ | | |
| | | کلاس میں مجموعی طور پر شرکت۔ | | |

طالب علم کے اوصاف کے بارے میں استاد کے تاثرات ____________________

____________________

طالب علم کی کمیوں کے بارے میں استاد کے تاثرات ____________________

____________________

کوئی اور مشاہدہ ____________________

____________________

© NCERT not to be republished